## سوال

زکوۃ

## جواب

فیکٹری مصنوعات اور سروسز انڈسٹری کی زکوۃ السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ جدید صنعتی پیداوار اور سروس انڈسٹری کی آمدنی پر زکوۃ کیسے عائد ہونی چاہیے۔ ؟ الجواب بعون الوہاب بشرط صحۃ السؤال وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ! الحمد للہ، والصلاۃ والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد! فیکٹری میں تیار شدہ مال کی قیمت پر زکوٰۃ واجب ہے، اسی طرح جو مال تیاری کے مختلف مراحل میں ہے یا خام مال کی شکل میں ہے اس پر بھی زکوٰۃ واجب ہے، البتہ فیکٹری کی مشینری، بلڈنگ، گاڑیوں وغیرہ پر زکوٰۃ نہیں ہے۔ سروس انڈسٹری میں چونکہ اثاثے نہیں ہوتے ہیں بلکہ لوگوں کو خدمات مہیا کر کے رقم حاصل کی جاتی ہے (جو ایک طرح سے مزدوری ہی ہوتی ہے) لہذا اس میں حاصل شدہ سرمائے پر زکوۃ ہوگی جو نصاب کے پورا ہونے اور سال گزرنے پر ادا کی جائے گی۔ ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

**محدث فتویٰ کمیٹی**

دارالافتاء محدث